ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

سندھ پولیس افسران واہلکاروں کو رعائتی بنیادوں پر لیب ٹیسٹنگ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔اے آئی جی ویلفیئر سندھ

کراچی 17،اگست 2021ء:۔

سندھ پولیس اور پرولیب ڈائگناسٹکس سینٹر کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیئے گئے۔سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک سادہ و پروقار تقریب میں اے آئی جی ویلفیئر سندھ محمد طارق نواز اور پرولیب کے ڈائریکٹر مرزا عمیر بیگ نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیئے۔اس موقع پر آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر اور ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ پیر محمد شاہ اور ڈائریکٹر مرزا اختیار بیگ بھی موجود تھے۔

مذکورہ مفاہمتی یادداشت کا مقصد سندھ پولیس اور پرولیب ڈائگناسٹکس سینٹر کے مابین روابط کو تقویت دیکر پولیس افسران/ جوانوں اور انکے خاندانوں کو رعائتی بنیادوں پر بہترین اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنانا ہے۔

مفاہمتی یادداشت کے مطابق پرولیب ڈائگناسٹکس سینٹر کے تحت سندھ پولیس کے سینئر افسران کو پیتھالوجیکل لیب ٹیسٹنگ سہولت بشمول موبائل ایکسرے،کووڈ ٹیسٹنگ و دیگر سروسز پر 20% رعائت فراہم کی جائیگی۔

علاوہ ازیں لیب سے ٹیسٹنگ کے لیئے پولیس ملازمین کے لیئے محکمہ پولیس کا ویلڈ آئی ڈی کارڈ یا مکتوب کا ہونا بھی ضروری ہے جسے وہ مذکورہ لیب کو دکھا کر رعائتی بنیادوں پر ٹیسٹنگ سہولت سے استفادہ کرسکیں گے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

PROUD TO SERVE
TARIQ

PROUD TO SERV
MUSHTAQ